# زیادہ تر پوچھے جانے والے سوالات۔

## کووِڈ-19 (ناول کورونا وائرس)

## آغا خان یونیورسٹی ہسپتال، کراچی

21 اپریل 2020

# فہرست

1. کوویڈ-19 کے بارے میں — 3
1.1 کوویڈ-19 کیا ہے؟ — 3
1.2 سارس کووی-2 (کوویڈ-19) کیسے پھیلتا ہے؟ — 3
1.3 کوویڈ-19 کی علامات کیا ہیں؟ — 3
1.4 کوویڈ-19 کا انکیوبیشن کا دورانیہ کتنا ہے؟ — 3
1.5 مجھے کیسے پتہ چلے گا کہ مجھے کوویڈ-19 ہے اور عام نزلہ یا زکام نہیں؟ — 3
1.6 کیا اینٹی بایوٹک کے ذریعہ کوویڈ-19 کا علاج ممکن ہے؟ — 3
1.7 کیا کوویڈ-19 کا کوئی خاص علاج موجود ہے؟ — 3
1.8 کوویڈ-19 کتنا خطرناک ہے؟ — 3
2. کوویڈ-19 کے کیسز کی تصدیق — 4
2.1 کوویڈ-19 کی مریض میں تصدیق کیسے ہوگی؟ — 4
2.2 کوویڈ-19 کی ٹیسٹنگ اور اسکریننگ میں کیا فرق ہے؟ — 4
2.3 مجھے بخار یا نزلہ/زکام ہے۔ کیا مجھے کوویڈ-19 ہو سکتا ہے؟ — 4
2.4 کوویڈ-19 کے ٹیسٹ کے لئے میں کہاں جا سکتا ہوں؟ — 4
2.5 کوویڈ-19 کے ٹیسٹ کی کیا قیمت ہے؟ — 5
2.6 کوویڈ-19 کے ٹیسٹ کے نتائج آنے میں کتنا وقت لگتا ہے؟ — 5
2.7 کوویڈ-19 کے مریض کہاں داخل ہوتے ہیں؟ — 5
3. کوویڈ-19 سے بچاؤ — 5
3.1 میں کن احتیاطی تدابیر پر باقاعدگی سے عمل کروں؟ — 5
3.2 کیا وٹامن سی کا استعمال کوویڈ-19 کے خلاف قوت مدافعت بہتر بنانے میں مدد کرے گا؟ — 5
3.3 کوویڈ-19 کے خلاف میں اپنی قوت مدافعت کیسے بڑھا سکتا ہوں؟ — 6

اگلا صفحہ

CAP ACCREDITED
COLLEGE of AMERICAN PATHOLOGISTS

# فہرست

3.4 کیا مجھے مچھلی، مرغی یا گوشت کھانے سے کوویڈ-19 ہوسکتا ہے؟ 6
3.5 کیا مجھے اپنے پالتو جانوروں سے کوویڈ-19 لگ سکتا ہے؟ 6
3.6 کیا میں اپنے پالتو جانوروں کو کوویڈ-19 سے متاثر کرسکتا ہوں؟ 6
3.7 کیا میں کوویڈ-19 کی ویکسین لگوا سکتا ہوں؟ 6
3.8 کیا میں کوویڈ-19 سے محفوظ رہنے کے لئے ماسک پہنوں؟ 6
3.9 مجھے جلد سفر کرنا ہے۔ میں کیا احتیاطی تدابیر اختیار کروں؟ 7
3.10 باہر سے گھر واپس آنے کے بعد میں کیا احتیاطی تدابیر کروں؟ 7
3.11 کوویڈ-19 سے متاثرہ مریض کی میت کے غسل و کفن کے حفاظتی اصول کیا ہیں؟ 7
4. کوویڈ-19 کے مشتبہ یا مصدقہ مریضوں کے لئے ہدایات 7
4.1 کیا کوویڈ-19 کے تمام مریضوں کو ہسپتال میں داخل ہونے کی ضرورت ہوتی ہے؟ 7
4.2 اگر مجھے کوویڈ-19 ہے یا شبہ ہے تو میں کیا احتیاطی تدابیر لوں؟ 8
4.3 میں کتنے دن الگ رہوں؟ 8
5. AKUH کے روٹین معمولات 8
5.1 کیا آغا خان یونیورسٹی ہسپتال مریضوں کے لئے کھلا ہوا ہے؟ 8
5.2 کیا آغا خان یونیورسٹی ہسپتال آنا محفوظ ہے؟ 8
6. مزید معلومات کے لئے 8
6.1 مجھے مزید معلومات کہاں سے مل سکتی ہیں؟ 8



CAP ACCREDITED
COLLEGE of AMERICAN PATHOLOGISTS

Phone: 021-111-911-911
Website: https://hospitals.aku.edu/Pakistan

# سوالات اور جوابات

## 1. کوویڈ-19 کے بارے میں

### 1.1 کوویڈ-19 کیا ہے؟

کوویڈ-19 اس بیماری کا باضابطہ نام ہے جو کہ سارس وائرس کووی-2 کی وجہ سے ہوتی ہے، اس سے قبل اسکو ناول کورونا وائرس کے نام سے جانا جاتا تھا۔ یہ کورونا وائرس کے خاندان میں ایک نیاوائرس ہے۔

### 1.2 سارس کووی-2 (کوویڈ-19) کیسے پھیلتا ہے؟

سارس کووی-2 ان چھوٹے قطروں سے پھیلتا ہے جو کہ لوگوں کے چھینکنے اور کھانسنے کی وجہ سے پھیلتے ہیں۔ یہ چھوٹے قطرے ایک میٹر تک سفر کر سکتے ہیں۔

### 1.3 کوویڈ-19 کی علامات کیا ہیں؟

کوویڈ-19 کی اہم علامات میں بخار ، کھانسی اور سانس لینے میں دشواری ہونا شامل ہیں۔

### 1.4 کوویڈ-19 کا انکیوبیشن کا دورانیہ کتناہے؟

انکیوبیشن کا دورانیہ وائرس سے متا ثر ہونے سے لے کر علامات کے ظاہر ہونے تک کے وقت کو کہتے ہیں۔ زیادہ تر اندازے کے مطابق کوویڈ-19 کا انکیوبیشن کا دورانیہ ایک سے چودہ دنوں کے درمیان ہے۔

### 1.5 مجھے کیسے پتہ چلے گا کہ مجھے کوویڈ-19 ہے اور عام نزلہ یا زکام نہیں؟

صرف ایک مخصوص لیب ٹیسٹ کے ذریعہ آپ یہ جان سکتے ہیں کہ آپ کوویڈ-19 سے متاثر ہیں یا نہیں۔

### 1.6 کیا اینٹی بایوٹک کے ذریعہ کوویڈ-19 کا علاج ممکن ہے؟

نہیں۔ کوویڈ-19 وائرس سے ہونے والی بیماری ہے اور اینٹی بایو ٹکس صرف بیکٹیریا سے ہونے والے انفیکشن پہ اثرکرتی ہیں۔

### 1.7 کیا کوویڈ-19 کا کوئی خاص علاج موجود ہے؟

ابھی تک کوویڈ-19 کا کوئی علاج نہیں ہے۔ اس بیماری کی صرف علامات (جیسے بخار، کھانسی) کا علاج کیا جارہا ہے جب کہ ازخود اس بیماری کا کوئی علاج نہیں ہے۔

### 1.8 کوویڈ-19 کتنا خطرناک ہے؟

کوویڈ-19 عام طور سے ہلکے سے درمیانے سانس (پھیپھڑوں) کے انفیکشن کا باعث بنتا ہے تاہم یہ شدید


CAP ACCREDITED
COLLEGE of AMERICAN PATHOLOGISTS
Phone: 021-111-911-911
Website: https://hospitals.aku.edu/Pakistan

نمونیا، متعدد اعضاء کے کام نہ کرنے، کی طرف لے جاسکتا ہے اور جان لیوا ثابت ہوسکتاہے۔ بالخصوص بڑی عمر کے افراد میں، یا جن کی قوت مدافعت کم ہویا جنہیں کوئی دیرینہ بیماری ہو۔

## 2. کوویڈ-19 کے کیسز کی تصدیق

### 2.1 کوویڈ-19 کی مریض میں تصدیق کیسے ہوگی؟

مشتبہ یاممکنہ کوویڈ-19 کے کیسز کی تصدیق سویب ٹیسٹ کے ذریعہ ہوتی ہے جس کو ناول کورونا وائرس "n.COV-2019" کا نام دیا گیا ہے۔

### 2.2 کوویڈ-19 کی ٹیسٹنگ اور اسکریننگ میں کیا فرق ہے؟

اسکریننگ کوویڈ-19 کے مشتبہ مریض سے پوچھے جانے والے سوالات کا مجموعہ ہے۔ اسکریننگ کی بنیاد پہ اگر یہ شبہ ہو کہ مریض کو کوویڈ-19 ہے تو اس کا ٹیسٹ کیا جاتا ہے۔

کوویڈ-19 کے ٹیسٹ میں ناک یا حلق کے ذریعہ نمونہ لیا جاتا ہے جو کہ تشخیص کے لئے لیبارٹری بھجوایا جاتا ہے۔

### 2.3 مجھے بخار یا نزلہ/زکام ہے۔ کیا مجھے کوویڈ-19 ہوسکتاہے؟

اگر آپ کو بخار، کھانسی یا سانس کے مسائل ہیں، بہتر ہے کہ آپ کوویڈ-19 کی اسکریننگ کروالیں، خاص طور پر اگر آپ نے حال ہی میں سفر کیا ہو،کسی کوویڈ-19 کے مشتبہ یا مصدقہ مریض کے ساتھ ملے ہوں، یا کسی ہسپتال یا کسی ایسی جگہ کام کرتے ہوں جہاں آپ بہت سے لوگوں سے ملتے ہوں جیسے کہ دکان یا بینک وغیرہ۔

### 2.4 کوویڈ-19 کے ٹیسٹ کے لئے میں کہاں جاسکتا ہوں؟

آغا خان یونیورسٹی ہسپتال ٹیلی کلینک کے ذریعہ اسکریننگ فراہم کررہا ہے۔ آپ کے اسکریننگ کے نتائج کو دیکھتے ہوئے، آپ کا معالج آپ کو کوویڈ-19 کے ٹیسٹ کا مشورہ دے سکتاہے۔ ٹیسٹنگ کی سہولت صرف مین کیمپس، اسٹیڈیم روڈ کراچی میں میسر ہے۔

آپ ہمیں مزید معلومات یا ٹیلی اسکریننگ کی اپائنٹمنٹ کے لئے 021-111-911-911 پہ کال کرسکتے ہیں۔

اس کے علاوہ آپ گورنمنٹ کی ہیلپ لائن 1166 یا اپنے صوبہ کی ہیلپ لائن پہ تصدیق شدہ اسکریننگ اور ٹیسٹنگ کے بارے میں رہنمائی کے لئے رابطہ کرسکتے ہیں۔

### 2.5 کوویڈ-19 کے ٹیسٹ کی کیا قیمت ہے؟

آغا خان ہسپتال میں یہ جاننے کے لئے کہ آپ کو ٹیسٹ کی ضرورت ہے یا نہیں ، پہلے آپ کو ٹیلی اسکریننگ کی اپائنٹمنٹ کی ضرورت ہے، یہ اسکریننگ بالکل مفت ہے۔ ٹیسٹ کی قیمت 7,900 روپے ہے۔ اہل مریضوں کے لئے ویلفیئر اور زکوٰۃ کی مدد دستیاب ہے۔

### 2.6 کوویڈ-19 کے ٹیسٹ کے نتائج آنے میں کتنا وقت لگتا ہے؟

ٹیسٹ کے نتائج عموماً ایک دن کے اندر آجاتے ہیں۔

### 2.7 کوویڈ-19 کے مریض کہاں داخل ہو تے ہیں؟

کوویڈ-19 کے مریض مختص کردہ ہسپتالوں کے آئسولیشن رومز میں داخل کئے جاتے ہیں۔آغا خان یونیورسٹی ہسپتال ، مین کیمپس اسٹیڈیم روڈ ، کراچی میں الگ جگہیں مختص ہیں جہاں کوویڈ-19 کے مریضوں کو داخل کیا جاتا ہے؛ کوویڈ-19 کے مریض دوسرے مریضوں کے ساتھ داخل نہیں ہوتے۔

## 3. کوویڈ-19 سے بچاؤ

### 3.1 میں کن احتیاطی تدابیر پر باقاعدگی سے عمل کروں؟

اپنے آپ کو محفوظ رکھنے کے لئے مندرجہ ذیل احتیاطی تدابیر پر عمل کیجیئے:

- باقاعدگی سے اپنے ہاتھ دھوئیں، خاص طور پر کھانسنے اور چھینکنے کے بعد۔
- اپنے آنکھ،ناک یا منہ کو ہاتھ دھونے سے پہلے چھونے سے اجتناب کیجیئے۔
- کھانسے / چھینکنے کے اصولوں پہ عمل کیجیئے (اپنی کہنی/ آستین، ٹشو میں کھانسیں یا چھینکیں) اور استعمال کردہ ٹشو کو صحیح طریقہ سے ڈسٹ بن میں تلف کیجیئے ؛ دوبارہ استعمال نہ کیجیئے۔
- گھر پہ رہیں۔ جسمانی دوری کا خیال رکھیں؛ پر ہجوم محافل اور جگہوں سے پرہیز کریں اور دوسرے لوگوں سے کم از کم 6 فیٹ کا فاصلہ رکھیں ۔
- سرجیکل ماسک کا استعمال کیجیئے اگر آپ کو زکام یا فلو جیسی علامات ہیں یا آپ گھر سے باہر ایسی جگہ ہیں جہاں بہت سے لوگ ہوں۔

### 3.2 کیا وٹامن سی کا استعمال کوویڈ-19 کے خلاف قوت مدافعت بہتر بنانے میں مدد کرے گا؟

اس بات کا کوئی حتمی ثبوت نہیں جو اس بات کو ثابت کرے کہ وٹامن سی کوویڈ-19 کے خلاف قوت مدافعت بہتر بناتا ہے۔



Phone: 021-111-911-911
Website: https://hospitals.aku.edu/Pakistan

CAP ACCREDITED
COLLEGE of AMERICAN PATHOLOGISTS

### 3.3 کوویڈ-19 کے خلاف میں اپنی قوت مدافعت کیسے بڑھا سکتا ہوں؟

- متوازن غذا کھائیں جس میں سبزی، پھل، انڈے، گوشت اور دالیں شامل ہوں۔
- پانی کا استعمال زیادہ رکھیں۔
- تلے ہوئے اور پروسیسڈ کھانوں سے پرہیز کریں۔
- روزانہ رات کو 7 سے 8 گھنٹے سوئیں۔
- تمباکو نوشی سے پرہیز کریں۔

### 3.4 کیا مجھے مچھلی، مرغی یا گوشت کھانے سے کوویڈ-19 ہوسکتا ہے؟

نہیں ،آپ کو مچھلی، مرغی یا گوشت کھانے سے کوویڈ-19 نہیں ہوسکتا۔ مگر، ان کو اچھی طرح پکائیں تاکہ آپ کو کسی قسم کے دیگر انفیکشنز کا خطرہ نہ ہو۔

### 3.5 کیا مجھے اپنے پالتوجانوروں سے کوویڈ-19 لگ سکتا ہے؟

کچھ ایسے جانور ہیں جن کو سارس-کووی-2 لگ سکتا ہے جو کہ کوویڈ-19 کا باعث بنتا ہے، فی الحال اس بات کا کوئی ثبوت نہیں کہ یہ پالتو جانوروں سے انسانوں میں منتقل ہوتا ہے۔ پھر بھی اپنے پالتو جانور کو چھونے کے بعد صابن اور پانی سے ہاتھ دھونا نہایت اچھا ہے۔

### 3.6 کیا میں اپنے پالتو جانوروں کو کوویڈ-19 سے متاثر کرسکتا ہوں؟

کچھ الگ تھلگ کیسز ہوئے ہیں جس میں پالتو جانوروں کو انسانوں سے کوویڈ-19 لگا ہے۔ اگر آپ کو کوویڈ-19 ہے یا آپ کو لگتا ہے کہ آپ کو کوویڈ-19 ہے تو اپنے پالتو جانوروں سے میل جول محدود کرلیں اور کسی اور کو ان کی دیکھ بھال پہ مامور کردیں۔ جانور اور اس کے اطراف کی جگہ کو ماسک اور دستانے پہن کر صاف کیجیئے؛ جس جگہ کو پالتو جانور نے استعمال کیا ہے اس کو بلیچ کے محلول سے صاف کیجیئے۔

### 3.7 کیا میں کوویڈ-19 کی ویکسین لگوا سکتا ہوں؟

فی الحال، کوویڈ-19 کی کوئی ویکسین دستیاب نہیں۔

### 3.8 کیا میں کوویڈ-19 سے محفوظ رہنے کے لئے ماسک پہنوں؟

اگر آپ کو زکام یا فلو جیسی علامات ہیں یا آپ گھر کے باہر ایسی جگہ ہوں جہاں لوگ ہوں تو وہاں سرجیکل ماسک استعمال کیجیئے۔

این-95 ماسک کا استعمال جب کیجیئے اگر آپ طبّی عملہ میں سے ہیں جو انتہائی نگہداشت یا اسپیشل کیئریونٹ میں کام کررہا ہو یا کوئی خاص پروسیجر کر رہے ہوں جس سے قطرے ہوا میں خارج ہوں۔



CAP ACCREDITED
COLLEGE of AMERICAN PATHOLOGISTS

Phone: 021-111-911-911
Website: https://hospitals.aku.edu/Pakistan

### 3.9 مجھے جلد سفر کرنا ہے۔ میں کیا احتیاطی تدابیر اختیار کروں؟

اگر آپ کو سفر کرنا ہے تو مندرجہ ذیل احتیاطی تدابیر اختیار کریں:
بیمار لوگو ں سے اجتناب کیجیئے؛ اپنے ہاتھ بار باردھوئیں اور اپنی آنکھ ،ناک اور منہ کو ہاتھ دھو ئے بغیر نہ چھوئیں ۔ہوسکے تو سرجیکل ماسک پہنیئے۔ سفر سے واپس آنے کے بعد آپ کو گھر میں اپنے آپ کو محصور کرنے کے لئے کہا جاسکتاہے۔

### 3.10 باہر سے گھر واپس آنے کے بعد میں کیا احتیاطی تدابیر کروں؟

گھر واپس آنے کے بعد لازمی اپنے ہاتھ صابن سے دھوئیں۔ آگر آپ ہسپتال یاکسی پرہجوم جگہ سے ہو کر آئے ہیں تو نہائیں اور کپڑے تبدیل کریں۔

### 3.11 کوویڈ-19 سے متاثرہ مریض کی میت کے غسل و کفن کے حفاظتی اصول کیا ہیں؟

وہ افراد جو کہ کوویڈ-19 سے متاثرہ شخص کے غسل و کفن میں شامل ہوں ان کے لئے ضروری ہے کہ وہ ذاتی حفاظت کا سامان پہنیں۔ تجویز کردہ ذاتی حفاظت کے سامان میں شامل ہیں:

- دستانے
- پوری آستین کا دو تہوں والا گاؤن جس میں کسی چیز کا گزر نہ ہو
- این 95 ماسک
- بند جوتے بمعہ جوتوں کا کوور
- آنکھوں پر گوگلز
- ہیڈ گیئر جو آپ کے سر کو مکمل ڈھانپ لے

ماہر پیتھولوجسٹس اس بات کی پر زور تاکید کرتے ہیں کہ کوویڈ-19 سے متاثرہ شخص کی میت کو غسل دینے کے بعد پلاسٹک کے بیگ میں بند کردیں۔

## 4. کوویڈ-19 کے مشتبہ یا مصدقہ مریضوں کے لئے ہدایات

### 4.1 کیا کوویڈ-19 کے تمام مریضوں کو ہسپتال میں داخل ہونے کی ضرورت ہوتی ہے؟

بہت سے کوویڈ-19 کے مریضوں میں علامات نہیں ہوتی ہیں، یا بہت معمولی علامات ہوتی ہیں۔ ایسے مریض گھر پہ رہ سکتے ہیں اور صحت یاب ہوسکتے ہیں، کچھ اہم احتیاطی تدابیر لیتے ہوئے۔ وہ مریض جن کو درمیانے درجہ کی علامات ہوں وہ درج ذیل ہیلپ لائن پہ کال کرسکتے ہیں جہاں ان کی مزید رہنمائی کی جاسکتی ہے۔ وہ مریض جن کو شدید علامات ہوں جیسے کہ بخار یا سانس لینے میں دشواری، ان کو ڈاکٹر سے رجوع کرنے کی ضرورت ہے یا فوری طور پہ ایمرجنسی ڈپارٹمنٹ جائیں۔


CAP ACCREDITED
COLLEGE of AMERICAN PATHOLOGISTS
Phone: 021-111-911-911
Website: https://hospitals.aku.edu/Pakistan

آغا خان یونیورسٹی ہسپتال 7/24 کوویڈ-19 ہیلپ لائن: 021-111-911-911 ۔
گورنمنٹ کوویڈ-19 ہیلپ لائن: 1166 یا آن لائن صوبائی رابطہ لائن تلاش کریں۔

### 4.2 اگر مجھے کوویڈ-19 ہے یا شبہ ہے تو میں کیا احتیاطی تدابیر لوں؟

اگر آپ کو کوویڈ-19 ہے یا شبہ ہے تو درج ذیل احتیاطی تدابیر لیجیئے:
اپنے آپ کو گھر کے دیگر افراد سے الگ کرلیجیئے تاکہ ان کو متاثر نہ کر سکیں؛ علیحدہ کمرہ میں قیام کیجیئے گھر والوں سے الگ۔ اگر یہ ممکن نہ ہو تو کم از کم 1 میٹر کی دوری رکھیئے، اور تولئے، برتن اور دیگر اشیاء ایک دوسرے سے نہ بانٹیں۔

◄ ڈاون لوڈ کیجیئے اور پڑھیئے: کوویڈ-19 کے مشتبہ یا مصدقہ مریضوں کی گھر پہ دیکھ بھال کرنے کی ہدایات۔

### 4.3 میں کتنے دن الگ رہوں؟

آپ کو گھر میں الگ رہنے کی احتیاط تب تک کرنی ہے جب تک آپ کا دوسرے لوگوں کو متاثر کرنے کا خطرہ کم نہ ہوجائے۔ یہ فیصلہ کہ آپ کو کب الگ رہنا ختم کرنا ہوگا ڈاکٹر کی مشاورت کے بعد طے ہوگا اور یہ ہر مریض کے لئے مختلف ہو سکتا ہے۔ آپ ڈاکٹر کی ہدایات پہ بغور عمل کیجیئے۔

## 5. AKUH کے روٹین معمولات

### 5.1 کیا آغا خان یونیورسٹی ہسپتال مریضوں کے لئے کھلا ہوا ہے؟

جی ہاں۔ آغا خان یونیورسٹی ہسپتال تمام مریضوں کے لئے کھلا ہوا ہے اور کلینکس، ٹیلی کلینکس، ڈائگنوسٹکس، لیب، فارمیسی، ایمرجنسی، ہوم ہیلتھ اور دیگر سروسز فراہم کی جارہی ہیں۔ ہسپتال آنے سے قبل 021-111-911-911 پہ کال کرکے کنفرم کرلیجیئے۔

### 5.2 کیا آغا خان یونیورسٹی ہسپتال آنا محفوظ ہے؟

جی ہاں، آغا خان یونیورسٹی ہسپتال آنا بالکل محفوظ ہے۔ ممکنہ اور تصدیق شدہ کوویڈ-19 کے کیسز آئسولیشن میں رکھے جاتے ہیں اور دوسرے افراد کے لئے خطرناک نہیں ہیں ۔ ہسپتال آنے سے قبل 021-111-911-911 پہ کال کرکے کنفرم کرلیجیئے۔

## 6. مزید معلومات کے لئے

### 6.1 مجھے مزید معلومات کہاں سے مل سکتی ہیں؟

کوویڈ-19 کی مزید معلومات اور ان کو ڈاؤن لوڈ کرنے کے لئے وزٹ کیجیئے ہماری کوویڈ-19 ویب سائٹ۔
https://hospitals.aku.edu/pakistan/COVID-19-Updates/Pages/default.aspx


CAP ACCREDITED
COLLEGE of AMERICAN PATHOLOGISTS
Phone: 021-111-911-911
Website: https://hospitals.aku.edu/Pakistan

روزانہ اپڈیٹ حاصل کرنے کے لئے ہمارے فیس بک پیج AKUHPakistan کو لائک کیجیئے اور سبسکرائب کیجیئے ہمارے یوٹیوب چینل AgaKhanUniversityHospitalPakistan کو۔

**مزید معلومات کے لئے کال کیجیئے :**

آغا خان یونیورسٹی ہسپتال کانٹیکٹ سینٹر 7/24 کوویڈ-19 ہیلپ لائن : 021-111-911-911

گورنمنٹ ہیلپ لائن: 1166



Phone: 021-111-911-911
Website: https://hospitals.aku.edu/Pakistan